2 عمرانیات بطور سائنس
SOCIOLOGY AS SCIENCE

اس باب میں آپ جانیں گے:

- سائنس کا مفہوم
- سائنسی علم کی خصوصیات
- سائنسی علوم کی درجہ بندی و اقسام
- عمرانیات بطور ایک سائنسی علم
- عمرانیات بطور ایک معاشرتی سائنس

سائنس اس علم کا نام ہے۔ جس میں واقعات کا مطالعہ مشاہدہ سے کیا جاتا ہے تو یوں کہیں کہ واقعات کا باضابطہ مطالعہ سائنس کہلاتا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟
منظم طریقہ سے علم تک رسائی حاصل کرنے کا نام سائنس ہے

سائنس کیا ہے؟ (What is Science)

سائنس میں وہ تمام واقعات اور حالات شامل ہیں جن پر تجربہ کیا جا سکے یا بذریعہ مشاہدہ ان کی تصدیق کی جا سکے۔ ہمارے سامنے بے شمار واقعات و حالات معاشرے میں رونما ہوتے رہتے ہیں لیکن یہ تمام واقعات سائنس نہیں ہیں بلکہ وہ واقعات سائنسی ہیں جن پر تجربہ کیا جا سکے یا جن کا مطالعہ بذریعہ مشاہدہ کیا جا سکے۔

تعریف:

"سائنس جملہ تجرباتی دنیا تک رسائی حاصل کرنے کا ایک طریقہ ہے"

شیفر (Schaeffer) کے مطابق:

"سائنس سے مراد منظم مشاہدہ کے ذریعے علم تک رسائی حاصل کرنے کا نام ہے۔"

"Gainig access to the body of knowledge through scientific observation is called science".

سائنس دان کے پاس تجربہ گاہ ہوتی ہے جس میں سائنس کے طلباء تجربہ کرتے ہیں۔ اور ان مسائل کا حل تلاش کرتے ہیں جو ان کو پیش کیے جاتے ہیں یا ان حالات یا واقعات کی تصدیق کرتے ہیں جو ان کے سامنے لائے گئے ہیں۔

سائنس کی خصوصیات: (Characteristics of Science)

سائنس یا سائنسی علوم کی خصوصیات یہ ہیں:

1- واقعات کے بارے میں پیش گوئی کرتی ہیں۔

-2 واقعات کا باضابطہ مطالعہ ہوتا ہے۔
-3 لیبارٹری میں تجربہ یا تحقیق کی جاتی ہے۔
-4 معلومات و شواہد قابل عمل و درست ہوتے ہیں۔
-5 واقعات کے بارے میں اصول وضع کرتی ہے
-6 واقعات یا مسائل کا حل پیش کرتی ہے۔

جن علوم میں یہ خصوصیات ہیں وہ سائنس کہلاتے ہیں۔ مثلاً فزکس، کیمسٹری، بیالوجی وغیرہ۔

سائنس کی درجہ بندی
(Classification of Science)

سائنس کی درجہ بندی اس طرح ہے:

1-فطری سائنس(Natural Science)
2-معاشرتی سائنس(Social Science)

کیا آپ جانتے ہیں؟
ہر وہ شخص سائنسدان ہے جو تجربہ یا مشاہدہ کے ذریعے حقائق معلوم کرے۔

1-فطری سائنس: (Natural Science)

یہ وہ سائنس ہے جو قدرت کی بنائی ہوئی جاندار اور بے جان دونوں چیزوں کا مطالعہ کرتی ہے۔ ان چیزوں میں نباتات، حیوانات، پہاڑ اور دیگر مادہ چیزیں شامل ہیں۔

فطری سائنس کی اقسام: (Types of Natural Science)

مفکرین نے فطری سائنس کی مزید دو اقسام بیان کی ہیں:

(i) **طبعی سائنس(Physical Science):** اس میں بے جان مادہ چیزوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ اس سائنس میں فزکس، ریاضی، ارضیات اور کیمیا شامل ہیں۔

(ii) **حیاتیاتی سائنس(Biological Science):** یہ علم نباتات، حیوانات اور ہر جاندار چیز کا مطالعہ کرتا ہے۔ اس علم میں حیاتیات، نباتات، زراعت اور حیوانی جغرافیہ شامل ہیں۔

2-معاشرتی سائنس: (Social Science)

معاشرتی سائنس کی توجہ کا مرکز انسان کی معاشرتی زندگی کے تمام پہلوؤں اور کردار کا باضابطہ مطالعہ ہے۔ ان علوم میں عمرانیات، نفسیات، معاشیات، سیاسیات، فلسفہ، تاریخ اور دیگر شامل ہیں۔



سائنس دان کون ہے؟ (Who is Scientist)

ہر وہ شخص سائنسدان ہے جو کسی فکر یا تصور یا مفروضہ پر تجربہ کرے، جو کسی مفروضہ کو بذریعہ تجربہ پرکھ کر بتا سکے یہ درست ہے یا غلط...... کسی خیال یا چیز کی صداقت معلوم کرنے کے عمل کو تجربہ کہتے ہیں سائنس کسی خاص فرد کے ساتھ منسلک نہیں۔ سائنس دان ہونا کوئی خصوصی خوبی نہیں بلکہ عمومی خوبی ہے جو ہر اس فرد میں پائی جاتی ہے۔ جو بذریعہ تجربہ حقائق معلوم کرے اور علم میں اضافہ کرے پس حقیقت کا معلوم کرنا تجربہ کہلاتا ہے۔ اور یہی حقائق سائنسی علم کہلاتے ہیں۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> معاشرتی سائنس کی توجہ کا مرکز ہماری معاشرتی زندگی ہے۔

کیا عمرانیات ایک سائنس ہے؟
یا
عمرانیات بطور ایک سائنسی علم کے
(Is Sociology a Science)..

عمرانیات کے ماہرین بھی معاشرے کا مطالعہ سائنسی اصولوں پر کرتے ہیں۔ کچھ لوگ

www.downloadclassnotes.com

عمرانیات کو آرٹس میں شامل کرتے ہیں کہ عمرانیات فلسفیانہ انداز میں بحث کرتی ہے۔ درج ذیل دلائل سے ثابت کیا جاسکتا ہے کہ عمرانیات ایک سائنس ہے۔

1-حقائق کی درجہ بندی(Classification of Facts):

دیگر سائنسی علوم کی طرح عمرانیات میں بھی حاصل ہونے والے حقائق کی درجہ بندی کی جاتی ہے اور ان کو ایک تسلسل سے ترتیب دیا جاتا ہے۔ جو حقائق مقداری (Quantitative) نوعیت کے ہوتے ہیں ان کو اسی پہلو سے بیان کیا جاتا ہے اور جو حقائق کیفی (Qualitative) نوعیت کے ہوتے ہیں انہیں کیفی انداز میں بیان کیا جاتا ہے۔ مثلاً جرائم میں اضافہ ہونا' تعلیم کی شرح میں اضافہ' آبادی میں اضافہ وغیرہ وغیرہ مقداری نوعیت کے حقائق ہیں جن کو عمرانیات میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔ اسی طرح کاروبار کا ناکام ہونا' تعلقات کی نوعیت کو جانچنا اور ازدواجی زندگی کی نوعیت وغیرہ کیفی نوعیت کی مقداریں ہیں۔

2-امتیازی تصورات (Unique Concepts):

امتیازی تصورات کا استعمال سائنس کی ایک اہم خاصیت ہے اور عمرانیات میں بھی واقعات' تعلقات اور دیگر معاشرتی پہلوؤں کو ظاہر کرنے کے لیے امتیازی تصورات پائے جاتے ہیں جو کہ اس کے سائنسی ہونے کی دلیل دیتے ہیں ان تصورات میں معاشرتی معمولات' گروہ' معاشرتی تفاعل معاشرتی درجہ بندی' غربت' ثقافت وغیرہ شامل ہیں۔

3-پیشین گوئی(Prediction):

سائنسی علوم کی ایک اہم کامیابی آنے والے واقعات کے بارے میں پیشین گوئی کرنا ہے عمرانیاتی علم میں بھی سائنسی معلومات اکٹھی کرکے ان کو ترتیب دے کر آنے والے واقعات کے بارے میں پیشین گوئی کی جاتی ہے جس کو استعمال کرتے ہوئے بڑے بڑے مسائل کی نشاندہی قبل از وقت کی جاسکتی ہے۔ مثلاً آبادی کی شرح اضافہ کو دیکھتے ہوئے آئندہ دس سالوں میں آبادی میں اضافہ کی تعداد' بڑھتے ہوئے شرح تعلیم کی مدد سے آئندہ سالوں میں تعلیمی حالت' خودکشی کی تعداد میں اضافہ اور مستقبل قریب میں اس کی حالت وغیرہ جیسے حالات کی پیشین گوئی کی جاسکتی ہے۔

4- تجربہ گاہ (Laboratory):

تمام سائنسی علوم تجربہ گاہ میں پروان چڑھتے ہیں' نئے نئے تجربات لیبارٹری میں کیے جاتے ہیں۔ جس سے حقائق کو اکٹھا کرکے علم کو مربوط کیا جاتا ہے اور مسائل کا حل کیا جاتا ہے۔ دیگر سائنسی

علوم کی طرح عمرانیات کے محقق بھی تجربہ گاہ استعمال کرتے ہیں اور ان کی تجربہ گاہ یہ پورا معاشرہ ہے جہاں وہ مخصوص جگہ جاکر اس مخصوص واقعہ کے بارے میں معلومات اکٹھی کرتے ہیں اور پھر ان کو ترتیب دیتے ہوئے کسی خاص نتیجے پر پہنچتے ہیں۔ جیسے غربت کو جانچنے کے لئے کسی کچی آبادی کا مشاہدہ، جرائم کے بارے میں جانچنے کے لیے جیلوں کا دورہ وغیرہ۔



5- آلات (Tools):

جتنے بھی سائنسی علوم ہیں وہ اپنے سائنسی مراحل میں مختلف آلات کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی تحقیق مکمل کرتے ہیں جو کہ ان کے سائنسی ہونے کی ایک واضح دلیل ہے۔ عمرانیات میں بھی حقائق کو اکٹھا کرنے اور ان کو بعد میں محفوظ اور تجربہ کرنے کیلئے سوالنامہ، انٹرویو شیڈول اور انٹرویو گائیڈ جیسے آلات کا استعمال کیا جاتا ہے جو کہ عمرانیاتی تحقیق میں معلومات اکٹھی کرنے میں مددگار ہوتا ہے۔

6- تعمیم (Generalization):

سائنس کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ کسی خاص حصہ پر تحقیق کرکے اس کے نتائج کو معاشرہ کے دوسرے حصوں پر اطلاق کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ ان کی بناوٹ اور معاشرتی حالت ایک ہو۔ اسی طرح عمرانیات بھی کسی موضوع پر کوئی تحقیق کیلئے کسی کمیونٹی یا گروہ پر تحقیق سے حاصل ہونے والے نتائج دوسرے علاقوں یا گروہ پر اطلاق کیا جاتا ہے جو کہ عمرانیات کے سائنسی ہونے کی ایک اور خوبی ہے۔

7-سائنسی طریقہ کار کا استعمال (Application of Scientific Method):

عمرانیات کسی بھی کردار (behaviour) کے مطالعہ میں دیگر سائنسی علوم کی طرح سائنسی طریقہ کار کو بروئے کار لاتی ہے اور دوران تحقیق ان تمام مراحل سے گزرتی ہے جن سے کوئی بھی دوسرے سائنسی علوم گزرتے ہیں۔ جیسے مسئلہ کا انتخاب، نظریاتی احاطہ، تجربہ و مشاہدہ، مواد کا تجزیہ کرنا وغیرہ۔

8- قابل اعتماد علم کا حصول (Reliable Knowledge):

انتہائی تحقیق کے نتائج میں حاصل ہونی والی معلومات قابل اعتماد اور قابل بھروسہ ہوتی ہے اور پہلے سے موجود علم میں اضافہ کا کرتی ہے۔

9- علتی رشتے (Causal Relationship):

عمرانیات دیگر سائنسی علوم کی طرح مختلف معاشرتی پہلوؤں میں علتی رشتے قائم کرتی ہے۔ جن سے معاشرہ کی حقیقتوں کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

10- غیر جانبداری (Impartiality):

دوران تحقیق ماہرین عمرانیات دیگر علوم کے سائنس دان کی طرح غیر جانبدار رہتے ہیں اور اپنی پسند یا ناپسند کو ایک طرف رکھ دیتے ہیں۔ اور تحقیق سے حاصل ہونے والے نتائج کو بڑی دھیان اور ایمانداری سے مرتب کرتے ہیں۔ ان کے اس اودیہ سے بالکل خالص نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> عمرانیات
> ایک معاشرتی سائنس ہے۔

ان تمام دلائل کو سامنے رکھتے ہوئے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ عمرانیات بھی دوسرے سائنسی علوم کی طرح اپنی تحقیق کے دوران سائنسی طریقہ کار کو بروئے کار لاتے ہوئے تحقیق کو انجام دیتی ہے جس سے یہ ظاہر ہے کہ عمرانیات ایک سائنس ہے۔

عمرانیات بطور ایک معاشرتی سائنس
(Sociology As a Social Science)

تعریف (Definition)

فیئرچائلڈ (Fairchild) کے مطابق:

"ایسی سائنس جو انسانی معاملات و تعلقات (Human affairs) سے متعلق تصورات کا

مطالعہ کرے" معاشرتی سائنس کہلاتی ہے۔

ماڈرن ڈکشنری آف سوشیالوجی کے مطابق:

"ایسا کوئی بھی علم جو معاشرتی تفاعل، معاشرہ اور ثقافت جیسے تصورات کا مطالعہ کرے معاشرتی سائنس کہلاتا ہے۔"

کائنات بہت پیچیدہ ہے انسان نے اس پیچیدگی کو جاننے اور آسان بنانے کے لیے وقت کے ساتھ ساتھ مختلف علوم دریافت کیے۔ جو علوم مادی چیزوں سے متعلق تھے وہ طبعی علوم (Physical Sciences) کہلائے جن میں ریاضی، فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، جیالوجی وغیرہ شامل ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

عمرانیات ایک سائنسی علم ہے کیونکہ یہ تحقیق میں کرتی ہے:

1- سائنسی طریقہ کا استعمال
2- حقائق کی درجہ بندی
3- آلات کا استعمال
4- علتی رشتوں کا قیام
5- پیشین گوئی
6- غیر جانبداری

جو علوم معاشرے میں رہنے والے لوگوں کے حالات و واقعات، مسائل و انسانی رویہ جات و کردار کا مطالعہ کرتے ہیں وہ معاشرتی علوم کہلاتے ہیں۔ عمرانیات چونکہ معاشرے میں رہنے والے افراد اور گروہوں کے درمیان تعلق، معاشرتی تفاعل، فرد کا ثقافت اور ثقافت کا فرد سے تعلق، معاشرتی درجہ بندی، شخصیت کی بناوٹ، معاشرتی مسائل اور ان کے حل جیسے مظاہر کا مطالعہ کرتی ہے۔

اسی لیے عمرانیات کے بارے میں یہ بات معرفہ طور پر ثابت ہے کہ یہ ایک مکمل معاشرتی سائنس ہے۔ معاشرتی (Social) اس لیے ہے کہ یہ معاشرہ کا مطالعہ کرتی ہے اور سائنس (Science) اس لیے ہے کہ اس کے مطالعہ کا طریقہ کار سائنسی ہے۔

اہم سوالات

ا۔ "کیا عمرانیات ایک سائنس ہے؟"۔ اس بیان کی وضاحت کیجئے۔
☜ ۲۔ عمرانیات بطور سائنسی علم کے واضح کیجئے۔
☜ ۳۔ سائنسی علوم کے خواص کیا کیا ہیں؟ کیا عمرانیات بھی سائنسی علوم میں شامل ہے۔
۴۔ عمرانیات ایک سائنس ہے اس کی معاشرتی سائنس ہونے کی دلیل دیجئے۔

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☜) دیا گیا ہے۔

☆☆☆

www.downloadclassnotes.com

مختصر سوالات وجوابات

☐ درج ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جواب دیں اور کوئی بھی جواب دو یا تین سطروں سے زیادہ نہ ہو۔

1- سائنس کی تعریف کریں؟ یا سائنس سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ شیفر نے بیان کیا ہے کہ "سائنس سے مراد منظم مشاہدہ کے ذریعے علم تک رسائی حاصل کرنا ہے۔"

2- سائنس دان کی خوبیاں بیان کریں؟

جواب۔ ہر وہ شخص سائنسدان ہے جو کسی فکر یا تصور یا مفروضہ پر تجربہ کرے، پھر اس پر بذریعہ تجربہ یا مشاہدہ مواد اکٹھا کرے اور پھر پرکھ کر بتائیے کہ یہ درست ہے یا غلط۔

3- عمرانیات بطور سائنس کی کوئی سی دو خوبیاں بیان کریں۔

جواب: عمرانیات بحیثیت سائنس جو خوبیاں رکھتی ہیں ان میں سے دو درج ذیل ہیں:
(i) عمرانیات مطالعہ میں سائنسی طریقہ کار کا استعمال کرتی ہے۔
(ii) عمرانیات آنے والے واقعات و مظاہر کے بارے میں پیشین گوئی کرتی ہے۔

4- عمرانیاتی تحقیق کے مراحل بتائیں؟ یا سائنسی طریقہ کار کے مراحل لکھیں۔

جواب: عمرانیات کسی مسئلہ کی تحقیق میں ان مراحل سے گزرتی ہے۔
(i) مسئلہ کا انتخاب کرنا
(ii) نظریاتی احاطہ کرنا و مفروضہ بنانا
(iii) معلومات اکٹھی کر کے مفروضہ ٹیسٹ کرنا
(iv) نتیجہ اخذ کرنا

5- سائنسی علوم کی درجہ بندی کس طرح ہے؟

جواب: سائنسی علوم کی تقسیم مفکرین نے دو درجوں میں کی ہے:
☆ فطری علوم ☆ معاشرتی علوم

6- فطری سائنس سے کیا مراد ہے؟ مختصراً بیان کریں۔

جواب۔ سائنس کی ایسی قسم جو حیاتیاتی و طبعی مظاہر کا مطالعہ کرے فطری سائنس کہلاتی ہے۔ ان سائنسز میں بیالوجی، جیالوجی، فزکس، کیمسٹری وغیرہ سرفہرست ہیں۔

7- معاشرتی سائنس سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ علوم جن کی توجہ کا مرکز انسان کی معاشرتی زندگی کے تمام پہلوؤں اور کردار کا باضابطہ مطالعہ

ہے وہ معاشرتی سائنس کہلاتے ہیں۔ ان علوم میں عمرانیات' نفسیات' معاشیات' سیاسیات' فلسفہ' تاریخ اور دیگر شامل ہیں۔

8- **مختصراً بیان کریں کہ عمرانیات کیونکر ایک معاشرتی سائنس ہے؟**

جواب۔ عمرانیات چونکہ معاشرے میں رہنے والے افراد و معاشرتی حالات کا مطالعہ کرتی ہے اس لیے یہ معاشرتی کہلاتی ہے۔ اور سائنس اس لیے ہے کہ اس کے مطالعہ کا طریقہ کار سائنسی ہے۔ اس لیے عمرانیات کو معاشرتی سائنس کہا جاتا ہے۔

کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)

☐ مندرجہ ذیل میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب پر ٹک (✓) کریں۔

1- سائنس کسے کہتے ہیں؟
(a) واقعات کا باضابطہ مطالعہ کرنا (b) فیلڈ میں جانا
(c) معلومات کا مطالعہ (d) لیبارٹری میں کام کرنا

2- طبعی علم کون سا ہے؟
(a) سیاسیات (b) فزکس (c) اردو (d) عمرانیات

3- معاشرتی علم کون سا ہے؟
(a) عمرانیات (b) فزکس (c) کیمسٹری (d) اردو

4- سائنسی علم کیسے جمع کیا جاتا ہے؟
(a) تحقیق سے (b) قیاس سے (c) تحریروں سے (d) اختیارات سے

5- عمرانیات میں تجربے کا دوسرا نام ہے؟
(a) منضبط مشاہدہ (b) تفریح (c) انٹرویو (d) لیبارٹری

6- کون سے علوم معاشرتی واقعات کا مطالعہ کرتے ہیں
(a) طبعی (b) قدرتی (c) حیوانی (d) معاشرتی

7- باضابطہ مطالعہ ہو سکتا ہے؟
(a) تجربہ گاہ میں (b) معاشرہ میں کسی بھی جگہ (c) کالج میں (d) کہیں نہیں ہوتا

8- بیرونی عوامل پر کنٹرول کو کیا کہتے ہیں؟
(a) تجربہ گاہ (b) تجربہ (c) سائنس (d) معاشرتی علوم

9- عمرانیات میں تجربہ کس طرح کیا جاتا ہے؟
(a) منضبط مشاہدے سے (b) واقعات پر غور کرنے سے

(c) انسانی سزاؤں سے (d) لیبارٹری

10- سائنسی علم کیوں جمع کیا جاتا ہے؟
(a) کائنات کو سمجھنے کے لئے (b) تیاری کے لئے
(c) انٹرویو دینے کے لئے (d) امتحان دینے کے لئے

11- حقائق کی نظم و ترتیب کو کیا کہتے ہیں؟
(a) مفروضہ (b) مشاہدہ (c) نظریہ (d) تجربہ

12- حقائق کیسے حاصل ہوتے ہیں؟
(a) قیاس و اندازے (b) تحقیق سے (c) استخراج سے (d) نظریات سے

13- عمرانیات بطور سائنس کون سی خوبی رکھتی ہے؟
(a) قیاس آرائی (b) سائنسی طریق کار (c) جذبات و احساسات (d) اقدار

14- معلومات پر نتائج اخذ کرنے سے حاصل ہوتے ہیں؟
(a) مفروضے (b) حقائق (c) نظریات (d) تجربات

15- واقعات کا باضابطہ مطالعہ کہلاتا ہے؟
(a) معاشرہ (b) سائنس (c) مشاہدہ (d) کوئی نہیں

16- سائنس کی کتنی اقسام ہیں؟
(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

17- عمرانیات کا علم۔۔۔۔۔کرتا ہے؟
(a) پیشین گوئی (b) جنرل نالج (c) خوراک (d) غربت

18- عمرانیات مطالعہ کرتی ہے؟
(a) فطری مسائل کا (b) انفرادی مسائل کا
(c) حیاتیاتی مسائل کا (d) سماجی مسائل کا

19- عمرانیات کیا ہے؟
(a) جنرل سائنس (b) معاشرتی سائنس (c) آرٹ (d) طبعی سائنس

20- مواد جمع کرنے کے لئے ماہرین عمرانیات استعمال کرتے ہیں۔
(a) اوزار (b) حقائق (c) کہانیاں (d) اشتہار

21- معاشرہ کا مطالعہ سائنسی اصول پر کون کرتے ہیں؟
(a) ماہرین عمرانیات (b) تاریخ دان (c) ماہرین سیاسیات (d) ماہرین اُردو

22- مطالعہ کے دوران سائنسی طریقہ کار کو استعمال کرنے والا کہلاتا ہے؟
(a) خلاباز (b) جہازران (c) سیاستدان (d) سائنسدان

☜23- معاشرتی حقائق سے اخذ اور وضع کیے جاتے ہیں؟

(a) معاشرتی اثرات (b) نظریات (c) آلات (d) a اور c

☜24- سائنسی علم کی بنیاد۔۔۔۔پر ہے؟

(a) تقریر (b) اختیار (c) تحریر (d) تحقیق

25- حقائق سے اخذ کیے جاتے ہیں؟

(a) نظریہ (b) مفروضہ (c) مشاہدہ (d) کوئی نہیں

26- عمرانیاتی تحقیق کا اوزار ہے؟

(a) چھڑی (b) کھرپہ (c) دوربین (d) سوالنامہ

27- عمرانیاتی تحقیق واقعات کے بارے میں کرتی ہے؟

(a) پیشن گوئی (b) دروغ گوئی (c) سرقہ (d) کوئی نہیں

28- طبعی سائنس۔۔۔۔چیزوں کا مطالعہ کرتی ہے۔

(a) معاشرتی (b) بے جان (c) سیاسی (d) مذہبی

29- حیاتیاتی سائنس۔۔۔۔چیزوں کا مطالعہ کرتی ہے؟

(a) جاندار (b) بے جان (c) سیاسی (d) مذہبی

جوابات

(d) -6	(a) -5	(a) -4	(a) -3	(b) -2	(a) -1
(b) -12	(c) -11	(a) -10	(a) -9	(a) -8	(b) -7
(d) -18	(a) -17	(a) -16	(b) -15	(b) -14	(b) -13
(d) -24	(b) -23	(d) -22	(a) -21	(a) -20	(b) -19
	(a) -29	(b) -28	(a) -27	(d) -26	(a) -25

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☜) دیا گیا ہے۔

☆☆☆

www.downloadclassnotes.com